شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

13مارچ2023ء

پریس ریلیز

سعودی عرب اور ایران میں سفارتی تعلقات کی بحالی امتِ مسلمہ کے لیے ہوا کا ٹھنڈا جھونکا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): سعودی عرب اور ایران میں سفارتی تعلقات کی بحالی امتِ مسلمہ کے لیے ہوا کا ٹھنڈا جھونکا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ طاغوتی قوتوں کی آغاز سے ہی یہ کوشش رہی ہے کہ مسلمان ممالک باہمی چپقلش میں مبتلا رہیں تاکہ مسلمان اُن کے مذموم ایجنڈے کی راہ میں حائل نہ ہو سکیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمان ممالک فرقہ واریت اور زبان، نسل وعلاقہ کی بنیاد پر تقسیم کے اس مغربی ایجنڈا کا شکار ہوگئے۔ ایران اور سعودی عرب کے مابین کشیدگی سے امتِ مسلمہ کے اتحاد کو شدید دھچکا لگا۔ یمن اور شام سمیت کئی علاقوں میں سعودی عرب، ایران پراکسی جنگ کی وجہ سے مسلمانوں کو بے پناہ نقصان اٹھانا پڑا اور اسرائیل سمیت اسلام دشمن قوتوں نے اس سے بھرپور فائدہ اُٹھایا۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ سابق وزرائے اعظم نواز شریف اور عمران خان کے ادوارِ حکومت میں پاکستان نے ایران، سعودی عرب تنازعہ کو ختم کروانے کی کوشش کی لیکن کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہ نکل سکا۔ اُنہوں نے کہا کہ چین کی ثالثی سے دونوں مسلم ممالک کے درمیان معاملات کا طے پاجانا انتہائی خوش آئند ہے۔ البتہ عالمِ اسلام کے لیے بالعموم اور پاکستان کے لیے بالخصوص لمحۂ فکریہ ہے کہ امتِ مسلمہ کے معاملات غیر مسلم طے کروا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو آپس کے تفرقہ سے بچنے اور قرآن پاک کو مضبوطی سے تھام کر متحد رہنے کا حکم دیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ممالک اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرکے طاغوتی قوتوں کی سازشوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن جائیں تاکہ اسلام کی عظمت رفتہ کو بحال کیا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Monday 13 March, 2023

"The resumption of diplomatic relations between Saudi Arabia and Iran is a breath of fresh air for the Muslim Ummah."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The resumption of diplomatic relations between Saudi Arabia and Iran is a breath of fresh air for the Muslim Ummah. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that keeping Muslim nations indulged in a mutual row has been consistently pushed by the malevolent forces, so that the Muslims may be prevented from placing roadblocks in the way of their despicable agenda. The reality is such that the Muslim nations fell prey to the Western agenda of division, based on sectarianism, language, creed and geography. The conflict between Saudi Arabia and Iran significantly rattled the unity of the Muslim Ummah. The Iran-Saudi Arabia proxy conflict in areas such as Yemen and Syria, among others, caused catastrophic detriment to the Muslims, and Israel, along with other enemies of Islam, capitalized on this massively. The Ameer stated that although in the governments of former Prime Ministers Nawaz Sharif and Imran Khan, Pakistan had tried to intervene and resolve the Iran-Saudi Arabia conflict, but this effort failed to produce any notable results. He said that the resolution of disputes between the two Muslim countries, through China's mediation, is a welcome development. However, it should also be a cause of alarm for the Islamic World, in particular Pakistan, that the matters of the Muslim Ummah are being resolved by non-Muslims. Almighty Allah *(SWT)* has commanded the Muslims to remain united by abstaining from sectarian schisms and holding fast to the Holy Qur'an. There is dire need for the Muslims to develop unity within their ranks and become a concrete wall against the ploys of disbelieving forces, so that Islam's exalted glory may be restored.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan.